# SANDRENA® جیل
# استعمال کرنے کا طریقہ

**Sandrena®**

(ایسٹراڈیول ہیمی ہائیڈریٹ)

- خوراک کے حوالے سے ہمیشہ اپنے نگہداشت صحت کے پیشہ ور ماہرین کی ہدایات پر عمل کریں اور مزید معلومات کے لیے مریض کا معلوماتی کتابچہ دیکھیں
- جیل کو کمرے کے درجہ حرارت پر ( 25°C سے نیچے) ذخیرہ کریں۔



ساشے کھولیں۔



جیل کو اپنے جسم کے نچلے حصے یا ران کی خشک، صاف جلد پر لگائیں۔ لگانے کی سطح ہاتھ کے سائز سے 1-2 گنا بڑی ہونی چاہیے۔ جیل کو ہر روز اپنے جسم کے مختلف حصوں پر لگائیں۔ جیل صرف ٹرانسڈرمل استعمال (جلد پر لگانے کے لیے ہے۔




لگانے کے بعد جیل کو چند منٹوں تکخشک ہونے دیں۔ جسجگہ پر لگایا ہو اس جگہ کو 1 گھنٹےتک نہ دھوئیں۔



Sandrena® جیل کو صرف اپنے جسم کے نچلے حصے یا صرف رانوں پر لگانا چاہیے۔ جیل کو چھاتیوں، جنسی اعضاء، چہرے یا جلن والی جلد پر نہیں لگانا چاہیے۔ جیل کو آنکھوں کے رابطے میں آنے سے بچائیں۔



لگانے کے بعد ہاتھوں کو ضرور دھوئیں۔



جیل لگانے کے بعد متعلقہ جگہ کو دوسرے لوگوں یا پالتو جانوروں کے ساتھ جلد سے جلد کے رابطے سے گریز کریں۔ اگر دوسروں کے ساتھ جلد کا رابطہ متوقع ہو، تو جیل کے خشک ہونے کے بعد متعلقہ جگہ کو یا تو کپڑے سے ڈھانپ لیں یا ممکنہ جلد کے رابطے سے پہلے غسل کر لیں۔

**اگر آپ کو کوئی ضمنی اثرات محسوس ہوں، تو اپنے ڈاکٹر، فارماسسٹ یا نرس سے بات کریں۔ اس میں وہ تمام ممکنہ ضمنی اثرات شامل ہیں جو پیکج کے کتابچے میں درج نہیں ہیں۔ آپ ضمنی اثرات کی اطلاع براہ راست ییلو کارڈ اسکیم کے ذریعے www.mhra.gov.uk/yellowcard پر بھی دے سکتے ہیں ضمنی اثرات کی اطلاع دے کر آپ اس دوا کی حفاظت کے بارے میں مزید معلومات فراہم کرنے میں مدد کر سکتے ہیں۔**

ORION PHARMA

Orion Pharma (UK) Ltd, Abbey Gardens, 4 Abbey Street, Reading, RG3 1BA, UK

ATC 2025 Association of Translation Companies
Certified Translation produced by
Giraffe Translations
Member No.
2025ATCAC1293

2025/HRT-11(2)j مارچ